12734-وہ اپنی غیر مسلم والدہ کو کس طرح بتائے کہ اس کا خاوند دوسری شادی کرنے والا ہے

سوال

وہ کونسا بہتر اور افضل طریقہ ہے کہ میں اپنی غیر مسلم والدہ جو کہ اسلام پر بڑی شدت سے تنقید کرتی ہے کو بتا سکوں کہ میرا خاوند دوسری شادی کرنے والا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اس میں کوئی حرج نہیں کہ آپ بات چیت
کے دوران اپنی والدہ کو یہ بتائیں کہ میرا خاوند دوسری شادی کرنے کا سوچ رہا ہے ، اور آپ
ماں کے سامنے اس کا سبب بھی رکھیں اگر خاوند کے پاس کوئی قوی سبب ہے تو اس کا بھی
ذکر کریں مثلا آپ کی اولاد نہیں ، یا یہ کہ اسے ایک بیوی کافی نہیں اس کے علاوہ کوئی
اور سبب وغیرہ ۔

یہ سب کچھ تمھیدا ذکر کریں لیکن اسے
معاملہ کی خبر نہ دیں تا کہ آپ دونوں کے درمیان مشکلات کے دروازے نہ کھل جائیں جس
کی کوئی ضرورت نہیں ، اور اگر آپ کی والدہ مستقبل میں کسی طریقے سے آگاہ ہوجاتی ہے
تو آپ کے لیے ممکن ہے کہ آپ اسے یہ بتائیں کہ اسلام ایک عدل وانصاف کا دین ہے جو کہ
کسی بھی صورت میں کسی پر جوروظلم سے راضی نہیں ، اور ایک سے زیادہ شادی کرنے میں بہت
عظیم مصلحتیں پائی جاتی ہیں جو جدت کا دعوی کرنے والی حکومتیں لانے سے قاصر ہیں (آپ
سوال نمبر 12528 کا بھی ملاحظہ کریں
) ۔

اگر وہ ابتدائی طور پر مطمئن نہیں ہوتیں
تو وقت اور ایام وسالوں کے گزرنے کے ساتھ ساتھ مطمئن ہوجائے گی ، لیکن آپ یہ کوشش
کریں کہ ماں کے سامنے اس معاملہ کا انکار نہ کریں اور زیادہ شکایات نہ لگائیں اس لیے
کہ ایسا کرنے سے وہ دین اسلام پر تنقید کرے گی ، بلکہ آپ اپنے خاوند کے ساتھ حسن سلوک
اور اچھے طریقے سے زندگی گزاریں اور قبول رضامندی کا مظاہرہ کریں ۔

واللہ اعلم .